ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(215)

مورخہ 19.04.24

بہاول پور(　　)ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی زیر کمانڈ جرائم پیشہ افراد کے خلاف گرینڈ آپریشن جاری، گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں 08 ملزمان گرفتار۔ بھاری مقدار میں شراب، منشیات واسلحہ ناجائز برآمد۔ جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری کارروائیوں کو مزید تیز کیا جارہا ہے، ڈی پی او اسد سرفراز خان

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او اسد سرفراز خان کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ تھانہ بغدادالجدید اور تھانہ ڈیرہ نواب صاحب پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 03 ملزمان عابد شاہ، عاشق اور سکندر خطیب کو گرفتار کر کے انکے قبضہ سے 85 لیٹر دیسی شراب برآمد کرلی۔ اسی طرح منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے تھانہ ڈیرہ نواب صاحب اور تھانہ ہیڈ راجکاں پولیس نے 02 ملزمان شہزاد خالق اور تنویر احمد کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 1670 گرام چرس برآمد کرلی۔ جبکہ اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف گھیرا تنگ کرتے ہوئے تھانہ صدر احمد پور شرقیہ، تھانہ سٹی یزمان اور تھانہ قائم پور پولیس نے 03 ملزمان شان، صداقت علی اور فہیم کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 02 عدد پسٹل 30 بور اور 01 عدد کاربین 12 بور برآمد کرلی۔ پولیس نے گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔ اس موقع پر ڈی پی او اسد سرفراز خان نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا، سماج دشمن عناصر کے خلاف جاری آپریشن کو مزید تیز کیا جارہا ہے، انہوں نے مزید کہا کہ جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائے گا۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی زیر کمانڈ جرائم پیشہ افراد کے خلاف گرینڈ آپریشن جاری گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں متعدد ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں شراب، منشیات واسلحہ ناجائز برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس آفس بہاولپور/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(216)

19.04.24

بہاول پور(   )ڈی پی او اسد سرفراز خان کے احکامات، جمعتہ المبارک کے روز ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کے سیکیورٹی کے حوالے سے مساجد اور امام بارگاہوں کے وزٹ،موجودہ ملکی صورتحال کے پیش نظر ڈیوٹی پر ماموراہلکاروں کوالرٹ رہنے کی ہدایت،سیکیورٹی فرائض میں غفلت ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی،ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے احکامات اورڈی پی او اسد سرفراز خان کی ہدایت پر عمل پیرا ہوتے ہوئے ایس ڈی پی اوز نے اپنے سرکل جبکہ ایس ایچ اوز نے اپنے اپنے تھانہ جات کی حدود میں جمعتہ المبارک کے حوالے سے مساجد اور امام بارگاہوں کی سیکیورٹی ڈیوٹی پر مامور افسران و جوانوں کو چیک کیا۔سیکیورٹی پر مامور جوانوں کے پاس موجود اسلحہ اور حفاظتی انتظامات کا جائزہ لیا۔موجودہ ملکی صورتحال کے پیش نظر جوانوں کو الرٹ رہ کر ڈیوٹی سرانجام دینے کی ہدایت کی۔ڈی پی او اسد سرفراز خان نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ہمارا فرض بہت اہم ہے،شہریوں کو احساس تحفظ دلانا ہے کہ ہم انکی سیکیورٹی کے لیے موجود ہیں۔ملکی صورتحال کے پیش نظر شر پسند عناصر پر کڑی نظر رکھیں اور الرٹ رہیں کیونکہ ہم الرٹ رہیں گے تو شر پسند عناصر اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہوسکیں گے،سیکیورٹی فرائض میں غفلت و لاپرواہی بلکل برداشت نہیں کی جائے گی۔انہوں نے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو اپنے اپنے ایریا میں موثر گشت اور سیکیورٹی انتظامات کے حوالے سے ہدایات بھی جاری کیں۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاول پور:ڈی پی او اسد سرفراز خان کے احکامات،جمعتہ المبارک کے موقع پر ضلع بھر کی مساجد و امام بارگاہوں پر پولیس کے افسران و جوان الرٹ ہو کر ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں

ڈسٹرکٹ پولیس آفس /شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (217)

19.04.24

بہاول پور( )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کے احکامات، تھانہ سمہ سٹہ پولیس کی پتنگ بازی ایکٹ کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بھرپور کارروائی، پتنگ فروش گرفتار، بھاری تعداد میں پتنگیں اور جان لیوا کیمیکل ڈوریں برآمد۔ پتنگ بازی ایک خونی کھیل ہے انسانی جانوں کو خطرے میں ڈالنے والے عناصر کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا، ڈی پی او اسد سرفراز خان

تفصیلات کے مطابق وزیر اعلی پنجاب اور آئی جی پنجاب کی پتنگ بازی و پتنگ سازی سے متعلق جاری ہدایات پر عملدرآمد کو یقینی بناتے ہوئے ڈی پی او بہاولپور اسد سرفراز خان نے پولیس کو اس ضمن میں کارروائی کرنے کے احکامات جاری کیے۔ جس کے نتیجہ میں ایس ایچ او تھانہ سمہ سٹہ نے اسپیشل انفارمیشن پر ٹیم تشکیل دے کر پتنگ فروشی میں ملوث 03 ملزمان حسنین، علی اور عبداللہ کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے بھاری مقدار میں مختلف رنگ و سائز کی پتنگیں اور جان لیوا دھاتی ڈور قبضے میں لے لی۔ تھانہ سمہ سٹہ پولیس نے گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔ اس حوالے سے ڈی پی او اسد سرفراز خان کا واضع پیغام ہے کہ پتنگ سازی کے کاروبار اور پتنگ بازی کرنا انتہائی ممنوع ہے یہ ایک خونی کھیل ہے۔ پتنگ بازی اور اس کاروبار میں ملوث افراد کے خلاف سخت سے سخت کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔ پتنگ بازی کھیل نہیں بلکہ جرم ہے کسی صورت رعایت نہیں برتی جائے گی کسی کو عوام الناس کی زندگیوں سے کھیلنے کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔ عوامی اور سماجی حلقوں نے ڈی پی او اسد سرفراز خان کی اس کاوش کو سراہا۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کے احکامات، تھانہ سمہ سٹہ پولیس کی پتنگ بازی ایکٹ کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بھرپور کارروائی، پتنگ فروش گرفتار، بھاری مقدار میں پتنگیں اور جان لیوا کیمیکل ڈوریں برآمد